# بہارستانِ اُردو

## اُردو کی پہلی کتاب



دی جموں اینڈ کشمیر سٹیٹ بورڈ آف سکول ایجوکیشن

oÉîáëÉÇ=bÇáíáçå
g~åì~êó=OMNV
maK=NQKTq

© دی جموں اینڈ کشمیر سٹیٹ بورڈ آف سکول ایجوکیشن

پہلا ایڈیشن

" Binding of this book by Booksellers is prohibited"

- ناشر کی پہلے سے اجازت حاصل کیے بغیر اس کتاب کے کسی بھی حصے کو دوبارہ پیش کرنا، یادداشت کے ذریعے بازیافت کے سسٹم میں اس کو محفوظ کرنا، یا برقیاتی، میکانی فوٹو کاپینگ، رکارڈنگ کے کسی بھی وسیلے سے اسکی ترسیل کرنا منع ہے۔
- اس کتاب کو اس شرط کے ساتھ فروخت کیا جارہا ہے کہ اسے ناشر کی اجازت کے بغیر، اس شکل کے علاوہ، جس میں کہ چھاپی گئی ہے، یعنی اس کی موجودہ جِلد بندی اور سرورق میں تبدیلی کر کے تجارت کے طور پر نہ تو مُستعار دیا جاسکتا ہے، نہ دوبارہ فروخت کیا جاسکتا ہے، نہ کرایہ پر دیا جاسکتا ہے اور نہ ہی تلف کیا جاسکتا ہے۔
- کتاب کے اس صفحے پر جو قیمت درج ہے وہ اس کتاب کی صحیح قیمت ہے، کوئی بھی نظر ثانی شُدہ قیمت چاہے وہ ربر کی مُہر کے ذریعے یا چپی یا کسی اور ذریعے سے ظاہر کی جائے، تو وہ غلط متصور ہوگی اور نا قابلِ قبول ہوگی۔

نگران　　پروفیسر فاروق احمد پیر　　ڈائریکٹر اکیڈمکس

کوآرڈینیٹر　　ڈاکٹر عارف جان　　اسسٹنٹ ڈائریکٹر اکیڈمکس

مئولفین　　بنیادی ایڈیشن

پروفیسر محمد زمان آزردہ، پروفیسر ظہور الدین، بشیر احمد ڈار

ترمیم شدہ ایڈیشن

ڈاکٹر الطاف انجم
شعبہ فاصلاتی تعلیم کشمیر یونیورسٹی

شاکر شفیع
(لیکچرر گورنمنٹ ہائر اسکینڈری سمبل)

ڈاکٹر رابعہ نسیم مغل
(ریسرچ آفیسر ایس آئی ای سرینگر)

جاوید کرمانی
(ماسٹر ایس آئی ای سرینگر)

ڈاکٹر غلام نبی حلیم
(ماسٹر گورنمنٹ ہائی اسکول مامہ گنڈ)

مجید مجازی
(ماسٹر ہائی اسکول حاجن)

ریاض احمد خاکی
(ماسٹر ہائر اسکینڈری، باربگ، شوپیان)

روحی سلطانہ
(ٹیچر زون گلاب باغ سرینگر)

اشاعتی اصلاح کار: پروفیسر عارف احمد آخون (جوائنٹ سکریٹری جے اینڈ کے اسٹیٹ بورڈ آف اسکول ایجوکیشن)

کمپیوٹر کتابت: TFC کمپیوٹرس، گاؤکدل 9419525103

Printed by:
TAJ PRINTERS (Regd.)
69/6A Najafgarh Road, Ind. Area, Near Kirti Nagar Metro Station, Moti Nagar, N. Delhi-15

# پیش لفظ

ریاست جموں وکشمیر میں اُردو زبان کی خاص اہمیت ہے ۔ یہ ریاست کی سرکاری زبان ہونے کے ساتھ ساتھ پوری ریاست میں رابطے کی سب سے بڑی زبان ہے ۔ یہ زبان بہت پہلے سے اسکولی نصاب میں ایک اہم مضمون کی حیثیت سے شامل رہی ہے ۔ ریاست کے تمام حصوں میں اس کی تعلیم و تدریس کے معقول انتظامات ہیں ۔ اُردو زبان کی مؤثر تدریس کے لیے ریاستی بورڈ نے ۲۰۰۸ ء میں 'بہارستانِ اُردو' کے نام سے اوّل سے لے کر بارہویں جماعت تک ایک نیا کتابی سلسلہ متعارف کیا ۔ اِن کتابوں کو قومی نصابی ڈھانچہ ۲۰۰۵ ء کے تقاضوں کے مطابق تیار کیا گیا ہے ۔ زیرِ نظر کتاب اُسی سلسلے کی ایک کڑی ہے ۔ تاہم قومی سطح پر تمام ریاستوں میں یکساں تعلیمی پالیسی اور نصاب رائج کرنے کے لیے این ، سی ، ای ، آر ، ٹی کی طرف سے نئے اصول وضع ہوتے رہتے ہیں ۔ اُردو کی درسی کتابوں کو اُن ہی اصولوں اور جدید تعلیمی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے بورڈ اپنی کتابوں پر مسلسل نظر ثانی کرتا رہتا ہے ۔ اِس سلسلے میں بورڈ ہر سال ورک شاپ منعقد کرتا رہتا ہے ، اِن ورکشاپوں میں ریاست کے مقتدر ماہرینِ زبان ، تعلیمی ماہر اور اساتذہ کی خدمات سے استفادہ کیا جاتا ہے ۔ اس سال کتابوں کو آموزشی ماحصل (Learning outcome) اور (Constructivisim) کے اصولوں پر استوار کرنے کے لیے اِن کا از سرِ نو جائزہ لیا گیا ۔ اسٹیٹ انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشن اور قومی ماہرین کی آراء کو ملحوظ نظر رکھتے ہوئے بہارستانِ اُردو کتابی سلسلے کو از سرِ نو مدون کیا گیا ۔

یہ کتاب ٹھوس اور مسلمہ لسانیاتی بنیادوں پر تیار کی گئی ہے ۔ کتاب میں جملوں کی ساخت ، اجزائے کلام ، بنیادی لفظوں کے معنی ، صحتِ تلفظ اور صحتِ املا پر زیادہ توجہ دی گئی ہے تاکہ طلباء میں

درجے کے معیار کے مطابق زبان کی فہم وفراست پیدا ہو۔ چھوٹی جماعتوں میں بچوں کو کھیل کھیل میں گا کر اور خوشی کے ساتھ زبان سکھانے کی کوشش کی گئی ہے۔ پہلی ، دوسری اور تیسری جماعتوں میں نثر سے زیادہ نظم کے ذریعے زبان سکھانے پر توجہ کی گئی ہے ۔ چوتھی اور پانچویں جماعت میں شعری انتخابات کے ساتھ ساتھ نثری اسباق کو شاملِ نصاب کیا گیا ہے ۔ طالب علموں میں آزادانہ غور وفکر پیدا کرنے کی غرض سے مشق کو دلچسپ انداز میں ترتیب دیا گیا ہے ۔

کتاب کو دورِ حاضر کی تعلیمی ضروریات کے پیش نظر ترتیب دیتے ہوئے اِس میں قومی ، سماجی اور اخلاقی اقدار کو ملحوظ نظر رکھا گیا ہے ۔ کتاب میں مقامی رنگ و آہنگ کا بھی خیال رکھا گیا ہے ۔ مجھے امید ہے کہ یہ نظر ثانی شدہ کتابی سلسلہ طالب علموں کے لیے زیادہ فائدہ مند ثابت ہوگا ۔

میں اُن سب ماہرینِ تعلیم ، اساتذہ اور دیگر حضرات کی ممنون ہوں جنہوں نے اس کتاب کی تیاری میں کسی بھی طرح اپنا تعاون دیا اور اپنے زریں مشوروں سے نوازا ۔ میں خصوصی شکریہ کا حق دار بنیادی ایڈیشن کے مؤلفین اور بہارستانِ اُردو کے مؤلفین کو سمجھتی ہوں جن کی وجہ سے یہ کتاب آج قدر کی نگاہ سے دیکھی جاتی ہے ۔ ڈائریکٹر اکیڈمکس پروفیسر فاروق احمد پیر اور اُن کی پوری ٹیم کی بھی شکر گزار ہوں جن کی لگاتار کوششوں سے یہ کتاب منظر عام پر آسکی ۔ ڈاکٹر عارف جان (اسسٹنٹ ڈائریکٹر اکیڈمکس ) اور شاکر شفیع (لیکچرر اُردو ) کی بھی بے حد مشکور ہوں جو ۲۰۰۸ ء سے مسلسل اِن کتابوں کے جائزے اور تیاری میں پیش پیش رہے ہیں ۔ کمپیوٹر آپریٹر عبدالغنی کا بھی شکریہ جس نے بڑی محنت اور عرق ریزی سے کتاب ڈیزائن کی ۔ کتاب کو بہتر بنانے کے سلسلے میں کسی بھی قسم کی تجاویز اور رائے کا احترام کے ساتھ خوش آمدید ہے ۔

**وینا پنڈتا**

چیئر پرسن جے اینڈ کے سٹیٹ بورڈ آف سکول ایجوکیشن

# اساتذہ کی توجہ کے لیے

مطالعۂ کائنات میں کوئی چیز مطلق نہیں ہے۔ اس تغیر پذیر دنیا میں انسانی فطرت ہر وقت ایک نئی چیز دیکھنا چاہتی ہے یا کم از کم پرانی چیز کو بدلی ہوئی صورت میں قبول کرتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ علوم، جن میں زبانوں کو ذرائع ترسیل و اظہار ہونے کی وجہ سے اوّلیت حاصل ہے، کا نصاب تیار کرتے وقت نئے کلّیوں، تجربوں، حالات، اسکول میں داخلہ پانے والی سب سے پہلی نسل کی دلچسپی اور فطری ضروریات کا خاص خیال رکھنا پڑتا ہے۔

صایب الرائے دانشوروں کو اُردو کے مروجہ نصاب کی جانب بار بار دعوت فکر اور بازدید کی تشویق میں سٹیٹ بورڈ آف اسکول ایجوکیشن کے خوب سے خوب تر کے جذبے کو سمجھا جاسکتا ہے۔ نئے عملی تجربات، زبان آموزی کے جدید تر نظریئے، لکھت پڑھت کے زیادہ دلچسپ، آسان اور سریع الفہم طریقوں کا تعارف، بچوں میں زیادہ قابل قبول، معروضی، سائنسی، ٹھوس اور حالات سے ہم آہنگ اندازِ درسیات کو زیرِنظر متن میں دیکھا جاسکتا ہے۔

2005ء کے قومی درسیات کے خاکے NCF کی سفارش کا تقاضہ یہ ہے کہ بچوں کی اسکول کے اندر اور باہر کی زندگی میں کوئی فرق اور بیگانگی نظر نہ آئے بلکہ یہ دونوں آپس میں مربوط محسوس ہوں۔ یہ سفارش ہمارے اُس فرسودہ، گھسے پٹے اور از کار رفتہ نظریہ تعلیم کو رد کرتی ہے جس کے مطابق علم و آگہی کتاب کی قیدی ہے اور جس نے فرد اور جماعت یا گھر اور ہیئت اجتماعیہ میں ایک دوری اور خلا کا احساس گہرا کر دیا تھا۔ ہمارا اردو کا یہ ابتدائی نصابی سلسلہ بھی قومی درسیات کے اسی متذکرہ خاکے میں رنگ آمیزی ہے۔

اُردو کے نئے نصابی سلسلے کی پہلی کڑی کے طور پر پرائمری سطح کی اس کتاب کو پیش کرتے ہوئے یہ بتادینا ضروری ہے کہ زبان کے مجموعی نظام میں حرف اور لفظ کا تعلق مبادیات سے ہے۔ زیرِنظر کتاب میں بچوں کو مختلف شکلوں اور تصاویر کی مدد سے حروف سے روشناس کرانے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ وہ اپنی استعداد کے مطابق حروف کے پیکروں کے ساتھ ہی ساتھ سامنے کی تصاویر سے محسوس اور مرئی اشیاء سے حروف کے رشتے کو سمجھ سکیں۔

یہ کورس بنیادی طور پر آوازوں، علامتوں اور اشاروں کے ذریعے حرف شناسی کراتا ہے۔ حروف اور الفاظ سمجھانے میں کھیل کھیل کے طریقے play way method ، فطری اصولوں اور حتی الامکان غیر میکانیکی اپروچ

سے کام لیا گیا ہے۔اس نصاب میں ہلکے پھلکے انداز میں حروف والفاظ کی پہچان کراتے وقت بچوں کی عمر، افتادِ نہاد، تیور، مزاج، دلچسپی، حسّیت (sensibility) اور ذوقیات کے علاوہ کشمیر کے مقامی ماحول، طرز بود و باش، تمدنی مظاہراورتہذیبی وتاریخی ورثے نیز اپنے یہاں کے وسائل و ذرائع کوقریب تر رکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔اس سے دو مقاصد کوحاصل کیا جاسکتا ہے۔اوّل یہ کہ بچے حروف کوزیادہ آسانی کے ساتھ متحضر کرسکیں، دوم یہ ان کے اندر اپنی زمین اپنے ماحول کی بوباس اوراپنی جڑوں کا احساس اورشعورشروع سے جگایا جاسکے۔حروف سے الفاظ کی طرف بڑھتے ہوئے خیال یہ رکھا گیا ہے کہ الفاظ چھوٹے سے چھوٹے، آسان تر اور اشیاء کی صورت میں ان کی جو شکلیں بنتی ہوں، وہ وہی ہوں جو ہمارے گھروں یا ماحول میں مستعمل اور مروج ہیں۔

اردو میں حرف اور لفظ کی املائی صورت جداگانہ ہونے کی وجہ سے بہت پیچیدہ، گول مول یا بچوں کی حد تک ناقابل فہم ہے۔حروف سے لفظ بناتے وقت کوشش یہ کی گئی ہے کہ بچوں کوممکنہ حد تک الجھن سے بچایا جائے۔

زبان کوئی بھی ہواس کے اخذ واکتساب کا عمل چارصورتوں سننے، بولنے، پڑھنے اور لکھنے پر منحصر ہوتا ہے۔سننا اور بولنا دو بنیادی صلاحیتیں ہیں۔ جہاں تک پڑھنے اور لکھنے کا معاملہ ہےانہیں سننے اور بولنے کی توسیعات تصور کیا جاتا ہے۔اس نصاب میں پہلی دو بنیادی صلاحیتوں یعنی سننے اور بولنے کا عمل اوران کی مشق موجود ہے بچے اس سے زیادہ کے متحمل نہیں ہوسکتے۔

یہاں پرایک اہم بات کی طرف اشارہ کرنا ضروری ہے کہ ویسے تو کتاب کواستاد کا استاد کہا جاتا ہےلیکن جب بچوں کی بات کی جائے تو اُن کے لیے اُستاد ایک کھلی کتاب کی مانند ہوتا ہے اس لیے ضرورت اس بات کی ہے کہ استاد کواپنی اہمیت کا اندازہ بھی ہواور وہ اپنے رول کو ذمہ داری کے ساتھ نبھائے۔اسکی رہنمائی کے لیے اس بنیادی نصابی کتاب کے حاشیوں(Foot Notes) میں چند ہدایات درج ہیں جن کے مطابق اساتذہ بچوں کوحرف شناسی میں مدد کرسکتے ہیں۔

کوارڈ نیٹر
ایڈیٹوریل بورڈ

# حروفِ تہجی

ا ب پ ت ٹ ث

ج چ ح خ

د ڈ ذ ر ڑ ز ژ

س ش ص ض ط

ظ ع غ ف ق

ک گ ل م ن

و ہ ء ی ے


نوٹ: بچّوں کو حروفِ تہجی ترتیب سے پڑھنے کی مشق کرائیں اور زبانی یاد کرائیں۔

# ا لکھنے کی مشق


| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ا | ا | ا | ا | ا | ا |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسِل سے لکھوا کر بچوں کو ' ا ' لکھنے کی مشق کرائیں۔

# ا



انڈا



انار

ا سے بولیں گے انار
اور کریں گے سب سے پیار
مِل کر انڈا کھائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# ب لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ب | ب | ب | ب | ب | ب |
| ب | ب | ب | ب | ب | ب |
| ب | ب | ب | ب | ب | ب |
| ب | ب | ب | ب | ب | ب |
| ب | ب | ب | ب | ب | ب |
| ب | ب | ب | ب | ب | ب |
| ب | ب | ب | ب | ب | ب |
| ب | ب | ب | ب | ب | ب |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسل سے لکھوا کر بچوں کو 'ب' لکھنے کی مشق کرائیں۔

# ب



بِلی



بطخ

ب سے بطخ پانی کا
پیارا میری نانی کا
بِلی سے بچائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# پ لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| پ | پ | پ | پ | پ | پ |
| پ | پ | پ | پ | پ | پ |
| پ | پ | پ | پ | پ | پ |
| پ | پ | پ | پ | پ | پ |
| پ | پ | پ | پ | پ | پ |
| پ | پ | پ | پ | پ | پ |
| پ | پ | پ | پ | پ | پ |
| پ | پ | پ | پ | پ | پ |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسِل سے لکھوا کر بچوں کو 'پ' لکھنے کی مشق کرائیں۔

# پ



پنسِل



پَتنگ

پ سے پتنگ اور پنسل
چل چل بھائی جلدی چل
پتنگ کو اڑائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# ت لکھنے کی مشق


| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ت | ت | ت | ت | ت | ت |
| ت | ت | ت | ت | ت | ت |
| ت | ت | ت | ت | ت | ت |
| ت | ت | ت | ت | ت | ت |
| ت | ت | ت | ت | ت | ت |
| ت | ت | ت | ت | ت | ت |
| ت | ت | ت | ت | ت | ت |
| ت | ت | ت | ت | ت | ت |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسِل سے لکھوا کر بچوں کو ت، لکھنے کی مشق کرائیں۔

# ت



تربوزہ



تتلی

ت سے تِتلی ہے رنگدار
بچو اُس سے کر لو پیار
تربوزہ کھلوائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# ٹ لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ٹ | ٹ | ٹ | ٹ | ٹ | ٹ |
| ٹ | ٹ | ٹ | ٹ | ٹ | ٹ |
| ٹ | ٹ | ٹ | ٹ | ٹ | ٹ |
| ٹ | ٹ | ٹ | ٹ | ٹ | ٹ |
| ٹ | ٹ | ٹ | ٹ | ٹ | ٹ |
| ٹ | ٹ | ٹ | ٹ | ٹ | ٹ |
| ٹ | ٹ | ٹ | ٹ | ٹ | ٹ |
| ٹ | ٹ | ٹ | ٹ | ٹ | ٹ |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسِل سے لکھوا کر بچوں کو ٹ ، لکھنے کی مشق کرائیں۔

# ٹ



ٹماٹر



ٹب

ٹ سے ٹماٹر کھاؤ گے
صورت اچھی پاؤ گے
ٹب میں آؤ نہائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# ث لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ث | ث | ث | ث | ث | ث |
| ث | ث | ث | ث | ث | ث |
| ث | ث | ث | ث | ث | ث |
| ث | ث | ث | ث | ث | ث |
| ث | ث | ث | ث | ث | ث |
| ث | ث | ث | ث | ث | ث |
| ث | ث | ث | ث | ث | ث |
| ث | ث | ث | ث | ث | ث |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسِل سے لکھوا کر بچوں کو **ث** لکھنے کی مشق کرائیں۔

# ث



ثمر



ثُریّا

ث ثُریّا پانا ہے
ہاں وہاں تک جانا ہے
ثمر اچھا پائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# ج لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ج | ج | ج | ج | ج | ج |
| ج | ج | ج | ج | ج | ج |
| ج | ج | ج | ج | ج | ج |
| ج | ج | ج | ج | ج | ج |
| ج | ج | ج | ج | ج | ج |
| ج | ج | ج | ج | ج | ج |
| ج | ج | ج | ج | ج | ج |
| ج | ج | ج | ج | ج | ج |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسل سے لکھوا کر بچوں کو 'ج' لکھنے کی مشق کرائیں۔

# ج



جہاز



جنگل

ج سے جنگل اور جہاز
بچو کر لینا پرواز
کل ہم ہی چلائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# چ لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| چ | چ | چ | چ | چ | چ |
| چ | چ | چ | چ | چ | چ |
| چ | چ | چ | چ | چ | چ |
| چ | چ | چ | چ | چ | چ |
| چ | چ | چ | چ | چ | چ |
| چ | چ | چ | چ | چ | چ |
| چ | چ | چ | چ | چ | چ |
| چ | چ | چ | چ | چ | چ |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسِل سے لکھوا کر بچوں کو 'چ' لکھنے کی مشق کرائیں۔

# چ



چاند



چنار

چ سے بچو کہو چنار
چلو چلیں گے چاند کے پار
واپس پھر ہم آئیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# ح لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ح | ح | ح | ح | ح | ح |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسل سے لکھوا کر بچوں کو "ح" لکھنے کی مشق کرائیں۔

# ح



حِنا



حویلی

ح سے حویلی عالیشان
حِنا ہاتھوں کی پہچان
دُلہن کو سجائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# خ لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| خ | خ | خ | خ | خ | خ |
| خ | خ | خ | خ | خ | خ |
| خ | خ | خ | خ | خ | خ |
| خ | خ | خ | خ | خ | خ |
| خ | خ | خ | خ | خ | خ |
| خ | خ | خ | خ | خ | خ |
| خ | خ | خ | خ | خ | خ |
| خ | خ | خ | خ | خ | خ |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسِل سے لکھوا کر بچوں کو ' **خ** ' لکھنے کی مشق کرائیں۔

# خ



خوبانی



خرگوش

خ سے ہے خرگوش میاں
ہوتا ہے چالاک بڑا
یہ خوبانی کھائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# د لکھنے کی مشق


| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| د | د | د | د | د | د |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسل سے لکھوا کر بچوں کو' د ' لکھنے کی مشق کرائیں۔

# د



درخت



دروازہ

د سے کھولو دروازہ
آؤ بچو باہر آ
درخت ہم لگوائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# ڈ لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ڈ | ڈ | ڈ | ڈ | ڈ | ڈ |
| ڈ | ڈ | ڈ | ڈ | ڈ | ڈ |
| ڈ | ڈ | ڈ | ڈ | ڈ | ڈ |
| ڈ | ڈ | ڈ | ڈ | ڈ | ڈ |
| ڈ | ڈ | ڈ | ڈ | ڈ | ڈ |
| ڈ | ڈ | ڈ | ڈ | ڈ | ڈ |
| ڈ | ڈ | ڈ | ڈ | ڈ | ڈ |
| ڈ | ڈ | ڈ | ڈ | ڈ | ڈ |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسِل سے لکھوا کر بچوں کو **چ**' لکھنے کی مشق کرائیں۔

# ڈ



ڈھولک



ڈفلی

ڈ سے ڈفلی ڈم ڈم ڈم
ڈھولک باجے چھم چھم چھم
سُر سے تال ملائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# ذ لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ذ | ذ | ذ | ذ | ذ | ذ |
| ذ | ذ | ذ | ذ | ذ | ذ |
| ذ | ذ | ذ | ذ | ذ | ذ |
| ذ | ذ | ذ | ذ | ذ | ذ |
| ذ | ذ | ذ | ذ | ذ | ذ |
| ذ | ذ | ذ | ذ | ذ | ذ |
| ذ | ذ | ذ | ذ | ذ | ذ |
| ذ | ذ | ذ | ذ | ذ | ذ |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسِل سے لکھوا کر بچوں کو 'ذ' لکھنے کی مشق کرائیں۔

# ذ



ذرّے



ذخیرہ


ذ سے لِکھو ذخیرہ
ذ سے ذرّے اور ذرہ
سیکھا ہے سِکھائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# ر لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ر | ر | ر | ر | ر | ر |
| ر | ر | ر | ر | ر | ر |
| ر | ر | ر | ر | ر | ر |
| ر | ر | ر | ر | ر | ر |
| ر | ر | ر | ر | ر | ر |
| ر | ر | ر | ر | ر | ر |
| ر | ر | ر | ر | ر | ر |
| ر | ر | ر | ر | ر | ر |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسِل سے لکھوا کر بچوں کو ' ر ' لکھنے کی مشق کرائیں۔

# ر



روٹی



رسّی

ر سے رسّی میں بابا
منڈی سے لکڑی لے آ
روٹی کو پکائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# ڑ لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ڑ | ڑ | ڑ | ڑ | ڑ | ڑ |
| ڑ | ڑ | ڑ | ڑ | ڑ | ڑ |
| ڑ | ڑ | ڑ | ڑ | ڑ | ڑ |
| ڑ | ڑ | ڑ | ڑ | ڑ | ڑ |
| ڑ | ڑ | ڑ | ڑ | ڑ | ڑ |
| ڑ | ڑ | ڑ | ڑ | ڑ | ڑ |
| ڑ | ڑ | ڑ | ڑ | ڑ | ڑ |
| ڑ | ڑ | ڑ | ڑ | ڑ | ڑ |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسل سے لکھوا کر بچوں کو 'ڑ' لکھنے کی مشق کرائیں۔

# ڑ



گاڑی



ساڑھی

ڑ لِکھنا ہے گاڑی میں
آپا کی اُس ساڑھی میں
آپا کو سنائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# ز لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ز | ز | ز | ز | ز | ز |
| ز | ز | ز | ز | ز | ز |
| ز | ز | ز | ز | ز | ز |
| ز | ز | ز | ز | ز | ز |
| ز | ز | ز | ز | ز | ز |
| ز | ز | ز | ز | ز | ز |
| ز | ز | ز | ز | ز | ز |
| ز | ز | ز | ز | ز | ز |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسل سے لکھوا کر بچوں کو ’ز‘ لکھنے کی مشق کرائیں۔

# ز



زیور



زبان

ز سے زیور اور زبان
علم سے اپنی ہے پہچان
سب کو یہ سمجھائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# ژ لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ژ | ژ | ژ | ژ | ژ | ژ |
| ژ | ژ | ژ | ژ | ژ | ژ |
| ژ | ژ | ژ | ژ | ژ | ژ |
| ژ | ژ | ژ | ژ | ژ | ژ |
| ژ | ژ | ژ | ژ | ژ | ژ |
| ژ | ژ | ژ | ژ | ژ | ژ |
| ژ | ژ | ژ | ژ | ژ | ژ |
| ژ | ژ | ژ | ژ | ژ | ژ |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسِل سے لکھوا کر بچوں کو ' ژ' لکھنے کی مشق کرائیں۔

# ژ



ژال



ژالہ

ژ سے ژالہ بھی اور ژال
بچے اپنی ماں کے لعل
ماں کو نہ ستائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# س لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| س | س | س | س | س | س |
| س | س | س | س | س | س |
| س | س | س | س | س | س |
| س | س | س | س | س | س |
| س | س | س | س | س | س |
| س | س | س | س | س | س |
| س | س | س | س | س | س |
| س | س | س | س | س | س |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسِل سے لکھوا کر بچوں کو ' س ' لکھنے کی مشق کرائیں۔

# س



سیب



سماوار

س سے بولو سماوار
سیب ہے پھل میٹھا رس دار
سب کو یہ بتلائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# ش لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ش | ش | ش | ش | ش | ش |
| ش | ش | ش | ش | ش | ش |
| ش | ش | ش | ش | ش | ش |
| ش | ش | ش | ش | ش | ش |
| ش | ش | ش | ش | ش | ش |
| ش | ش | ش | ش | ش | ش |
| ش | ش | ش | ش | ش | ش |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسل سے لکھوا کر بچوں کو ' ش ' لکھنے کی مشق کرائیں۔

# ش



شمع



شلغم

ش سے بولو گے شلغم
ش سے شمع جیسے ہم
دل میں جوت جگائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# ص لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ص | ص | ص | ص | ص | ص |
| ص | ص | ص | ص | ص | ص |
| ص | ص | ص | ص | ص | ص |
| ص | ص | ص | ص | ص | ص |
| ص | ص | ص | ص | ص | ص |
| ص | ص | ص | ص | ص | ص |
| ص | ص | ص | ص | ص | ص |
| ص | ص | ص | ص | ص | ص |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسِل سے لکھوا کر بچوں کو ' ص ' لکھنے کی مشق کرائیں۔

# ص



صفائی



صابُن

ص سے صابُن مل لے پُور
میل سے بچو رہنا دُور
تن کی صفائی پائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# ض لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ض | ض | ض | ض | ض | ض |
| ض | ض | ض | ض | ض | ض |
| ض | ض | ض | ض | ض | ض |
| ض | ض | ض | ض | ض | ض |
| ض | ض | ض | ض | ض | ض |
| ض | ض | ض | ض | ض | ض |
| ض | ض | ض | ض | ض | ض |
| ض | ض | ض | ض | ض | ض |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسِل سے لکھوا کر بچوں کو 'ض' لکھنے کی مشق کرائیں۔

# ض



ضعیف



ضیافت

ض سے ضیافت ہے واہ واہ
بابا ہے ضعیف بڑا
راہ اُس کو دِکھلائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# ط لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ط | ط | ط | ط | ط | ط |
| ط | ط | ط | ط | ط | ط |
| ط | ط | ط | ط | ط | ط |
| ط | ط | ط | ط | ط | ط |
| ط | ط | ط | ط | ط | ط |
| ط | ط | ط | ط | ط | ط |
| ط | ط | ط | ط | ط | ط |
| ط | ط | ط | ط | ط | ط |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسِل سے لکھوا کر بچوں کو ' ط ' لکھنے کی مشق کرائیں۔

ط



طوطا



طبلہ

ط طبلہ اور طوطا ہے
طوطا پیارا ہوتا ہے
طوطا گھر ہم لائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# ظ لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ظ | ظ | ظ | ظ | ظ | ظ |
| ظ | ظ | ظ | ظ | ظ | ظ |
| ظ | ظ | ظ | ظ | ظ | ظ |
| ظ | ظ | ظ | ظ | ظ | ظ |
| ظ | ظ | ظ | ظ | ظ | ظ |
| ظ | ظ | ظ | ظ | ظ | ظ |
| ظ | ظ | ظ | ظ | ظ | ظ |
| ظ | ظ | ظ | ظ | ظ | ظ |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسِل سے لکھوا کر بچوں کو 'ظ' لکھنے کی مشق کرائیں۔

# ظ



ظِلِ الٰہی



ظُلمت

ظ سے ظِلِ الٰہی
ظ سے ظُلمت ہے بھائی
ظُلمت کو مٹائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# ع لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ع | ع | ع | ع | ع | ع |
| ع | ع | ع | ع | ع | ع |
| ع | ع | ع | ع | ع | ع |
| ع | ع | ع | ع | ع | ع |
| ع | ع | ع | ع | ع | ع |
| ع | ع | ع | ع | ع | ع |
| ع | ع | ع | ع | ع | ع |
| ع | ع | ع | ع | ع | ع |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسِل سے لکھوا کر بچوں کو ' ع ' لکھنے کی مشق کرائیں۔

# ع



عصّاء



عینک


ع سے عینک آنکھوں کی
بینائی ہے لاکھوں کی
عصّاء نہ اٹھائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# غ لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| غ | غ | غ | غ | غ | غ |
| غ | غ | غ | غ | غ | غ |
| غ | غ | غ | غ | غ | غ |
| غ | غ | غ | غ | غ | غ |
| غ | غ | غ | غ | غ | غ |
| غ | غ | غ | غ | غ | غ |
| غ | غ | غ | غ | غ | غ |
| غ | غ | غ | غ | غ | غ |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسِل سے لکھوا کر بچوں کو ' **غ** ' لکھنے کی مشق کرائیں۔

# غ



غبارہ



غنچہ

غ سے دیکھو غبارہ
غنچہ پھول کا ہے پیارا
بچوں کو دِلوائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# ف لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ف | ف | ف | ف | ف | ف |
| ف | ف | ف | ف | ف | ف |
| ف | ف | ف | ف | ف | ف |
| ف | ف | ف | ف | ف | ف |
| ف | ف | ف | ف | ف | ف |
| ف | ف | ف | ف | ف | ف |
| ف | ف | ف | ف | ف | ف |
| ف | ف | ف | ف | ف | ف |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسِل سے لکھوا کر بچوں کو 'ف' لکھنے کی مشق کرائیں۔

# ف



فوٹو



فوّارہ

ف سے دیکھو فوارہ
واہ واہ کیسا نظارہ
آ فوٹو کھنچوائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# ق لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ق | ق | ق | ق | ق | ق |
| ق | ق | ق | ق | ق | ق |
| ق | ق | ق | ق | ق | ق |
| ق | ق | ق | ق | ق | ق |
| ق | ق | ق | ق | ق | ق |
| ق | ق | ق | ق | ق | ق |
| ق | ق | ق | ق | ق | ق |
| ق | ق | ق | ق | ق | ق |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسِل سے لکھوا کر بچوں کو ’ق‘ لکھنے کی مشق کرائیں۔

# ق



قطار



قلم

ق سے قلم اور قطار
قلم ہے ہم سب کا یار
لِکھنا ہے لکھوائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# ک لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ک | ک | ک | ک | ک | ک |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسِل سے لکھوا کر بچوں کو ’ک‘ لکھنے کی مشق کرائیں۔

# ک



کوئل



کان


ک سے کوئل کی کُو کُو
کان لگا کے سُن لے تُو
من اپنا بہلائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# گ لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| گ | گ | گ | گ | گ | گ |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسِل سے لکھوا کر بچوں کو ' گ ' لکھنے کی مشق کرائیں۔

گ



گُڑ



گائے

گ سے گائے ہماری ہے
صورت اُس کی پیاری ہے
گُڑ اُس کو کِھلوائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# ل لکھنے کی مشق

ل ل ل ل ل ل

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسِل سے لکھوا کر بچوں کو 'ل' لکھنے کی مشق کرائیں۔

# ل



لڑکی



لڑکا

ل سے لڑکا اور لڑکی
اِک پیارا ہے اِک پیاری
دونوں کو پڑھائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# م لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| م | م | م | م | م | م |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسِل سے لکھوا کر بچوں کو ' م ' لکھنے کی مشق کرائیں۔

# م



مچھلی



ماں

م سے مچھلی لانا ماں
ساتھ ہمارے آنا ماں
گھر میں ہم پکوائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# ن لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ن | ن | ن | ن | ن | ن |
| ن | ن | ن | ن | ن | ن |
| ن | ن | ن | ن | ن | ن |
| ن | ن | ن | ن | ن | ن |
| ن | ن | ن | ن | ن | ن |
| ن | ن | ن | ن | ن | ن |
| ن | ن | ن | ن | ن | ن |
| ن | ن | ن | ن | ن | ن |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسِل سے لکھوا کر بچوں کو ' ن ' لکھنے کی مشق کرائیں۔

# ن



نل



نقشہ

ن سے نقشہ دُنیا گول
نل کا پانی ہے انمول
سب کو یہ سمجھائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# و لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| و | و | و | و | و | و |
| و | و | و | و | و | و |
| و | و | و | و | و | و |
| و | و | و | و | و | و |
| و | و | و | و | و | و |
| و | و | و | و | و | و |
| و | و | و | و | و | و |
| و | و | و | و | و | و |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسِل سے لکھوا کر بچوں کو ' و ' لکھنے کی مشق کرائیں۔

# و



ورزش



وردی

و سے وردی ہاں بچو
ورزش بھی کرنا بچو
عادت یہ اپنائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# ہ لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ہ | ہ | ہ | ہ | ہ | ہ |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسِل سے لکھوا کر بچوں کو 'ہ' لکھنے کی مشق کرائیں۔

# ہ



ہاتھی



ہاتھ

ہ سے دیکھو ہاتھی ہے
ہاتھی اپنا ساتھی ہے
آؤ ہاتھ ملائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# ی لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ی | ی | ی | ی | ی | ی |
| ی | ی | ی | ی | ی | ی |
| ی | ی | ی | ی | ی | ی |
| ی | ی | ی | ی | ی | ی |
| ی | ی | ی | ی | ی | ی |
| ی | ی | ی | ی | ی | ی |
| ی | ی | ی | ی | ی | ی |
| ی | ی | ی | ی | ی | ی |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسِل سے لکھوا کر بچوں کو **ی** ، لکھنے کی مشق کرائیں۔

# ی



یکہ



یاک

ی سے یکہ ہے اور یاک
یاک ملے گا جا لداخ
اور بہت کچھ پائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# ے لکھنے کی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ے | ے | ے | ے | ے | ے |
| ے | ے | ے | ے | ے | ے |
| ے | ے | ے | ے | ے | ے |
| ے | ے | ے | ے | ے | ے |
| ے | ے | ے | ے | ے | ے |
| ے | ے | ے | ے | ے | ے |
| ے | ے | ے | ے | ے | ے |
| ے | ے | ے | ے | ے | ے |

نوٹ: اوپر کا صفحہ پنسِل سے لکھوا کر بچوں کو 'ے' لکھنے کی مشق کرائیں۔

# ے



بچّے



تارے

ے سے پیارے بچّے ہیں
بچّے من کے سچے ہیں
تارے توڑ کے لائیں گے
گیت خوشی کے گائیں گے

# بے ترتیب حروفِ تہجی

ت ب ٹ پ ث ا

ح چ ج خ

ذ ڈ د ز ڑ ر ژ

ض ش ص س ظ

ط ق غ ف ع

ل ن م گ ک

ے ی ء ہ و

**نوٹ:** اب تک سیکھے ہوئے اوپر کے حروف کی ترتیب بچّوں سے درست کرا کے اُن ہی سے پڑھوائیں۔

# الف سے ے تک

ا سے بولیں گے انار اور کریں گے سب سے پیار
مِل کر انڈا کھائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

ب سے بطخ پانی کا پیارا میری نانی کا
بِلی سے بچائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

پ سے پتنگ اور پنسل چل چل بھائی جلدی چل
پتنگ کو اڑائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

ت سے تِتلی ہے رنگدار بچو اُس سے کر لو پیار
تربوزہ کھلوائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

ٹ سے ٹماٹر کھاؤ گے صورت اچھی پاؤ گے
ٹب میں آؤ نہائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

ث سے ثُریّا پانا ہے ہاں وہاں تک جانا ہے
ثمر اچھا پائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

ج سے جنگل اور جہاز بچو کر لینا پرواز
کل ہم ہی چلائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

چ سے بچو کہو چنار چلو چلیں گے چاند کے پار
واپس پھر ہم آئیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

ح سے حویلی عالیشان حِنا ہاتھوں کی پہچان
دُلہن کو سجائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

خ سے ہے خرگوش میاں ہوتا ہے چالاک بڑا
یہ خوبانی کھائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

د سے کھولو دروازہ آؤ بچو باہر آ
درخت ہم لگوائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

ڈ سے ڈفلی ڈم ڈم ڈم ڈھولک باجے چھَم چھَم چھَم
سُر سے تال ملائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

ذ سے لِکھو ذخیرہ ذ سے ذرّے اور ذرہ
سیکھا ہے سِکھائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

ر سے رسّی میں بابا منڈی سے لکڑی لے آ
روٹی کو پکائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

ڑ لِکھنا ہے گاڑی میں آپا کی اُس ساڑھی میں
آپا کو سنائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

ز سے زیور اور زبان علم سے اپنی ہے پہچان
سب کو یہ سمجھائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

ژ سے ژالہ بھی اور ژال بچے اپنی ماں کے لعل
ماں کو نہ ستائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

س سے بولو سماوار سیب ہے پھل میٹھا رس دار
سب کو یہ بتلائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

ش سے بولو گے شلغم ش سے شمع جیسے ہم
دل میں جوت جگائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

ص سے صابُن مل لے پُور میل سے بچو رہنا دُور
تن کی صفائی پائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

ض سے ضیافت ہے واہ واہ بابا ہے ضعیف بڑا
راہ اُس کو دِکھلائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

ط طبلہ اور طوطا ہے طوطا پیارا ہوتا ہے
طوطا گھر ہم لائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

ظ سے ظِلِ الٰہی ظ سے ظُلمت ہے بھائی
ظُلمت کو مٹائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

ع سے عینک آنکھوں کی بینائی ہے لاکھوں کی
عصّاء نہ اٹھائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

غ سے دیکھو غبارہ غنچہ پھول کا ہے پیارا
بچوں کو دِلوائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

ف سے دیکھو فوارّہ واہ واہ کیسا نظارہ
آ فوٹو کھنچوائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

ق سے قلم اور قطار قلم ہے ہم سب کا یار
لِکھنا ہے لکھوائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

ک سے کوئل کی کوُ کوُ کان لگا کے سُن لے تُو
من اپنا بہلائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

گ سے گائے ہماری ہے صورت اُس کی پیاری ہے
گُڑ اُس کو کِھلوائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

ل سے لڑکا اور لڑکی اِک پیارا ہے اِک پیاری
دونوں کو پڑھائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

م سے مچھلی لانا ماں ساتھ ہمارے آنا ماں
گھر میں ہم پکوائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

ن سے نقشہ دُنیا گول نل کا پانی ہے انمول
سب کو یہ سمجھائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

و سے وردی ہاں بچو ورزش بھی کرنا بچو
عادت یہ اپنائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

ہ سے دیکھو ہاتھی ہے ہاتھی اپنا ساتھی ہے
آؤ ہاتھ ملائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

ی سے یکہ ہے اور یاک یاک ملے گا جا لداخ
اور بہت کچھ پائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

ے آخر پر تارے میں ے ہے بچّے پیارے میں
تارے توڑ کے لائیں گے گیت خوشی کے گائیں گے

مجید مجازؔی

# مشق نمبر ۱

## ا سے ڈ تک کا مشق

درج ذیل تصویروں کو اُن کے ناموں کے ساتھ ملائیے

| | | | |
|---|---|---|---|
| خرگوش |  | ٹماٹر |  |
| حویلی |  | تتلی |  |
| چاند |  | بلی |  |
| جہاز |  | انار |  |
| ثمر |  | پتنگ |  |
| دروازہ |  | ڈھولک |  |

# مشق نمبر۲

ا سے ڈ تک جتنی بھی ضروری چیزوں ،وغیرہ کے نام پڑھے گئے اور جو ہمارے آس پاس کے ماحول میں موجود ہیں استاد کلاس میں موجود بچوں سے اُن میں سے ایک ایک چیز لانے کو کہے گا اور یہ چیزیں جمع ہونے پر اُستاد بچوں سے ہی اُن کے ناموں کی مشق کرائے گا۔

## ذ سے ع تک کا پروجیکٹ ورک


درج ذیل تصویروں کو اُن کے ناموں کے ساتھ ملائیے

روٹی  ژال 

عینک  سماوار 

ذخیرہ  شمع 

گاڑی  طبلہ 

زیور  ضعیف 

صابن  ظلِ الٰہی 

# مشق نمبر۲

ذ سے ع تک جتنی بھی چیزوں وغیرہ کے نام پڑھے گئے اور جو ہمارے آس پاس کے ماحول میں موجود ہیں استاد بچوں سے اُن میں سے ایک ایک چیز لانے کو کہے گا۔ جب یہ ساری چیزیں جمع ہوں گی تو اُستاد کھیل کھیل میں بچوں سے اُن کے ناموں کی مشق کرائے گا یہ سیکھنے کا نہایت ہی کارگر عمل ہے۔

# غ سے ے تک کا پروجیکٹ ورک

درج ذیل تصویروں کو اُن کے ناموں کے ساتھ ملایئے

بچے

گائے


یکہ

لڑکا


غبارہ

مچھلی


فوارّہ

نل


قلم

وردی


کان

ہاتھی


# مشق نمبر۲

غ سے ے تک جتنی بھی چیزوں وغیرہ کے نام آتے ہیں اور ہمارے آس پاس موجود ہوں ۔ استاد بچوں سے اُن میں سے ایک ایک چیز لانے کو کہے گا ، پھر اِن چیزوں کے نام کی مشق کھیل کھیل میں کرائے گا ، یہ سیکھنے کا نہایت ہی کارگر طریقہ ہے۔

درج ذیل دیے گئے الفاظ کے ہر گروپ میں ایک بے میل لفظ ہے۔ لفظ کو پہچان کر آگے دیے ہوئے بکس میں لکھیے:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ا. | انار | بلا | خوبانی | سیب | |
| ۲. | بطخ | تتلی | جہاز | خرگوش | |
| ۳. | کرسی | گائے | شیر | ہاتھی | |
| ۴. | لڑکا | لڑکی | پاک | ڈاکٹر | |
| ۵. | دوات | ٹب | تالا | طوطا | |

# اظہارِ تشکّر

اُردو ہندوستان کی مشترکہ قدروں کی آمین ہے۔ گنگا جمنی تہذیب کی آئینہ دار اِس زبان کا جنم اِسی زمین پر ہوا اور یہاں ہی اِس نے اپنی بلندیوں کو چھولیا۔ ریاست جموں و کشمیر میں اُردو کی اہمیت دوگنی ہو جاتی ہے، کیونکہ یہاں کی سرکاری زبان ہونے کے ساتھ ساتھ یہ یہاں پر رابطہ کی سب سے بڑی زبان ہے۔ ریاست میں یہ زبان تقریباً ہر ایک تعلیمی ادارے میں پڑھائی جاتی ہے۔ سرکاری سطح پر اِس کی درس و تدریس کے معقول انتظامات ہیں۔ جموں کشمیر اسٹیٹ بورڈ آف اسکول ایجوکیشن اُردو زبان کے لئے نصاب تیار کرتے وقت اِس کی افادیت اور اہمیت کا خاص خیال رکھتا ہے۔ بورڈ کے ساتھ وابستہ ماہرینِ اُردو ہمیشہ اُردو کے معاملے میں سنجیدگی اور لگن سے کام کرتے ہیں۔ میں اپنی اور بورڈ کی طرف سے سبھی ماہرین کا شکر گذار ہوں، جن کی لگن اور محنت سے اِس کام کی اشاعت ممکن ہوسکی۔

میں درجِ ذیل ماہرین اور اساتذ کا بے حد مشکور ہوں جنہوں نے اِس کتاب کی تیاری میں عرق ریزی سے کام کرنے کے ساتھ ساتھ ہمیں ہر وقت اپنا دستِ تعاون پیش رکھا۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | ڈاکٹر الطاف انجم | اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ فاصلاتی تعلیم کشمیر یونیورسٹی سرینگر |
| ۲۔ | شاکر شفیع | لیکچرر ہائر اسکنڈری اسکول گاڈہ کھوڈ، بانڈی پورہ |
| ۳۔ | ڈاکٹر رابعہ نسیم | ریسرچ آفیسر ایس آئی ای سرینگر |
| ۴۔ | ڈاکٹر غلام نبی حلیم | ماسٹر ہائی اسکول مامہ گنڈ، بڈگام |
| ۵۔ | جاوید کرمانی | ماسٹر ایس آئی ای، گریٹگر |
| ۶۔ | مجید مجازی | ماسٹر گرلز ہائی اسکول حاجن، بانڈی پورہ |
| ۷۔ | روحی سلطانہ | ٹیچر، زون گلاب باغ، سرینگر |
| ۸۔ | نگہت یاسمین | ماسٹر مڈل اسکول بٹہ پورہ، بڈگام |
| ۹۔ | غلام نبی بٹ | ٹیچر، زون حاجن، بانڈی پورہ |
| ۱۰۔ | تنویر احمد پرے | ٹیچر، زون ہندوارہ، کپوارہ |

ان کے علاوہ بورڈ آف اسکول ایجوکیشن کے اکیڈیمک ڈویژن کے سبھی افسران اور ملازمین بالخصوص ڈاکٹر عارف جان (اسسٹنٹ ڈائریکٹر اکیڈمکس) کا شکریہ کرنا اپنا منصبی فرض سمجھتا ہوں، جنہوں نے اس کتاب کو تیار کرنے میں حتیٰ المقدور اپنا تعاون دیا۔

**پروفیسر فاروق احمد پیر**

ڈائریکٹر اکیڈمکس

جموں وکشمیر اسٹیٹ بورڈ آف اسکول ایجوکیشن

# نوٹ

# نوٹ